25نومبر2011

اسلامی بینکاری صنعت کا پاکستان کے مجموعی بینکاری نظام میں حصہ 7.3 فیصد ہے، کامران شہزاد

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈپٹی گورنر جناب محمد کامران شہزاد نے کہا ہے کہ اس وقت اسلامی بینکاری صنعت کا پاکستان کے مجموعی بینکاری نظام میں حصہ تقریباً 7.3 فیصد ہے۔

آج نیباف، اسلام آباد میں اسلامی بینکاری کے پانچ روزہ تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلامی بینکاری صنعت نے 2001 میں اپنے ازسرنو اجراء کے بعد سے بتدریج مارکیٹ میں اپنا حصہ بڑھایا ہے۔ اس تربیتی پروگرام کا انعقاد اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور اسلامک ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (IRTI) نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔

انہوں نے کہا کہ پانچ مکمل اسلامی بینک اور ملک بھر میں 70 سے زائد اضلاع میں 840 سے زائد شاخوں کے نیٹ ورک کے ساتھ 12 روایتی بینک اسلامی بینکاری کی خدمات فراہم کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی بینکاری صنعت نے گذشتہ چھ سے سات برسوں کے دوران 30 فیصد سے زائد اوسط سالانہ نمو کی رفتار کو برقرار رکھا ہے۔

اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر نے کہا کہ اسلامی بینکاری صنعت میں نمو کا رجحان آگہی کی سطح بلند ہونے اور ملک میں دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں میں اسلامی بینکاری نیٹ ورک کی وسعت کے ساتھ مزید تیز ہونے کا امکان ہے۔

محمد کامران شہزاد نے کہا کہ پاکستان میں اسلامی بینکاری صنعت میں دیکھی جانے والی ٹھوس نمو دیگر عوامل کے ساتھ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے موزوں ماحول کی فراہمی کے لئے کی جانے والی کلیدی کوشش کی مرہون منت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان تقریباً ان تمام اقدامات میں پیش پیش رہا ہے جو اس صنعت کی ترقی اور فروغ میں معاونت کے لئے کئے گئے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ایک معاون ریگولیٹری اور سپروائزری فریم ورک کی تیاری کے علاوہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اسلامی بینکاری صنعت کے فروغ، تربیت اور افرادی قوت کی صلاحیت بڑھانے کے لئے بھی فعال کردار ادا کررہا ہے۔ آگہی اور غلط تصور سے متعلق مسائل کو حل کرنے کے لئے ایک آگہی مہم شروع کی گئی ہے، جس کے تحت ملک بھر میں کاروباری برادری، تدریس سے وابستہ افراد، بینکاروں اور پالیسی سازوں کے لئے سیمینارز اور کانفرنسز کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کو استعمال کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر آگہی کے لئے ایک میڈیا مہم بھی شروع کی جارہی ہے۔

اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر نے کہا کہ اسلامی بینکاری صنعت کی انسانی وسائل کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں۔ آئی آر ٹی آئی، اسلامک فائنانشل سروسز بورڈ (آئی ایف ایس بی) جیسے قومی بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی مالی اور فنی معاونت سے بھی تربیت اور انسانی وسائل کی صلاحیت میں بہتری کے پروگرامز کے انعقاد کے لئے استفادہ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل اسلامک فائنانشل سروسز بورڈ (آئی ایف ایس بی)، اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ آرگنائزیشن فار اسلامک فائنانشل انسٹی ٹیوشنز (اے اواو آئی ایف آئی) اور انٹرنیشنل اسلامک فائنانشل مارکیٹ (آئی آئی ایف ایم) کے ساتھ ہماری رکنیت اور فعال وابستگی سے بھی آگہی اور صلاحیتوں میں بہتری کے اقدامات کے لئے وسائل کا بندوبست کرنے میں مدد مل رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ ان مشترکہ کوششوں کی بدولت اسلامی بینکاری صنعت کی انسانی وسائل کی صلاحیت میں نمایاں بہتری آئے گی اور مستقبل قریب میں اسلامی بینکاری کے بارے میں آگہی کی سطح بلند ہو سکے گی۔انہوں نے کہا کہ اسی طرح ہم مصنوعات کو متنوع بنانے اور کم لاگت کے لیکویڈیٹی مینجمنٹ سولوشنز کی تیاری کے لئے بھی اسلامی بینکاری صنعت کے ساتھ سرگرمی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر نے کہا کہ اسلامی مالیاتی لین دین کی اثاثے پر مبنی نوعیت اور قیاس آرائی پر مبنی سرگرمیوں میں قرضے کی فروخت اور سرمایہ کاری کی ممانعت سے حقیقی معیشت کی نمو کے ساتھ فائنانس کی نمو کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے اور یوں مالیاتی نظام کو استحکام میسر آتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ حالیہ بین الاقوامی مالیاتی بحران کے دوران اسلامی مالیاتی اداروں کی بحران کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت نے یہ ثابت کیا ہے کہ اسلامی معاشی اور مالیاتی نظام مالیاتی مارکیٹ کو جو بحران کا سامنا کرتا رہا ہے، درکار استحکام فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ بات حوصلہ افزاء ہے کہ اسلامی فائنانس کی ایک محتاط، مستحکم اور روایتی نظام کے متبادل کے طور پر مقبولیت میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے اسلامی مالیاتی صنعت کی نمو اور ترقی کی مزید امید نظر آتی ہے۔

جناب کامران شہزاد نے کہا کہ آئی آر ٹی آئی نے اسلامی ترقیاتی بینک گروپ کے ایک تحقیقی اور تربیتی ادارے کی حیثیت سے اپنی تحقیق و ترقی اور انسانی وسائل کی صلاحیت میں بہتری کے اقدامات کے ذریعے رکن ممالک میں اسلامی مالیاتی نظام کی ترقی میں ایک کلیدی کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسلامی بینکاری صنعت کی انسانی وسائل کی صلاحیت کو بہتر بنانے اور صنعت کی نمو اور ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے کے لئے آئی آر ٹی آئی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے درمیان تعاون اور اشتراک جاری رہے گا۔

☆☆☆/